F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:12/07/2019

مرزا عبدالقیوم ندوی جیسے عاشقِ اردو کے ہاتھوں میں اردو کا مستقبل محفوظ ہے: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں مرزا عبدالقیوم ندوی کے لیے تقریبِ تہنیت

نئی دہلی: قومی اردو کونسل کے صدر دفتر فروغ اردو بھون جسولہ میں اورنگ آباد مہاراشٹر سے تعلق رکھنے والے، مرزا ورلڈ بک ہاؤس کے پروپرائٹر مرزا عبدالقیوم ندوی کے اعزاز میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے مرزا عبدالقیوم ندوی کا گرمجوشی سے استقبال کیا اور شال اوڑھا کر ان کی حوصلہ افزائی کی۔قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر نے اس موقع پر کہا کہ مرزا عبدالقیوم ندوی جیسے اردو کے شیدائی جب تک زندہ ہیں اردو زبان وادب کا مستقبل محفوظ ہے۔ہمیں پورے ہندوستان میں ایسے ہی لوگوں کی ضرورت ہے جو اردو رسائل وجرائد اور کتابوں کی ترسیل کو بہتر طریقے سے انجام دے سکیں۔ہم قومی اردو کونسل کی جانب سے مرزا صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور انھیں مبارکباد دیتے ہیں کہ ان کی وجہ سے ہمارا رسالہ 'بچوں کی دنیا' پورے مہاراشٹر خصوصاً اورنگ آباد اور مالیگاؤں کے سبھی اسکولوں تک پہنچ رہا ہے۔یہی نہیں بلکہ مرزا عبدالقیوم ندوی نے 'بچوں کی دنیا' کی اشاعت کے ایک سال سے بھی کم وقفے میں ایک لاکھ سے زائد کاپیاں فروخت کردی تھیں۔واضح ہو کہ مرزا عبدالقیوم ندوی نہ صرف یہ کہ کتابوں کی فروخت اور ترسیل سے جڑے ہیں بلکہ مختلف سماجی وفلاحی کام بھی انجام دیتے رہے ہیں۔انھوں نے لیڈ اینڈ رِیڈ فاؤنڈیشن کا بھی آغاز کیا ہے جس کے تحت بچوں سے جیب خرچ میں سے کچھ پیسے روزانہ جمع کرنے کو کہا جاتا ہے اور ایک دو مہینوں کے بعد مرزا صاحب اسی اسکول میں بچوں کی کتابوں کا اسٹال لگاتے ہیں تاکہ بچے اپنی پسند کی کتابیں خرید سکیں۔اسی طرح مرزا عبدالقیوم مہاراشٹر کے اسکولوں میں 'بچوں کی دنیا' بھی مفت تقسیم کرتے ہیں۔قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ اس تقریب میں قومی اردو کونسل کی اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک) ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ڈائرکٹر (ایڈمن) جناب کمل سنگھ، ریسرچ آفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب اجمل سعید اور عبدالحی کے علاوہ ایم آر پبلشرز کے پروپرائٹر جناب عبدالصمد وغیرہ موجود تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)